کے-الیکٹرک نے خصوصی افراد کے عالمی دن پر پروقار تقریب کی میزبانی کی

کراچی 14 جنوری 2025: کے-الیکٹرک نے کراچی اسکول آف بزنس لیڈرشپ (KSBL) میں اپنے "یقین-اینیبلنگ ایبلٹیز" پروگرام کے تحت ایک تقریب منعقد کی۔ جس میں خصوصی افراد کا عالمی دن منایا گیا۔ اس تقریب میں کے-الیکٹرک نے برابری، مساوات اور ان کی شمولیت کو فروغ دینے کی کوششوں کو اجاگر کیا۔ جو اقوام متحدہ کی "عالمی تھیم" خصوصی افراد میں قیادت کی صلاحیت کو مضبوط بناتا ہے جو ان کی شمولیت اور مستحکم مستقبل کے عین مطابق ہے۔

تقریب کا اہم حصّہ "بیانڈ دی ریمپ: جس میں خصوصی افراد کے لیے کام کی جگہ پر کیریئر موبیلیٹی کے حوالے سے پینل کا مباحثہ ہوا"۔ اس مباحثے میں تعلیم، حکومت، کارپوریٹ اور ویلفیئر سیکٹرز کے رہنماؤں کو اکٹھا کیا گیا تاکہ خصوصی افراد پی ڈبلیو ڈیز (PWDs) کے لیے ورک پلیس رکاوٹوں کو دور کرنے، پیشہ ورانہ کیریئر کے لیے تعلیمی نظام کے کردار، حکومت کے شمولیت کے اقدامات، پیشہ ورانہ ترقی میں فلاحی تنظیموں کے کردار، کیریئر ایڈوانسمنٹ کے لیے ایچ آر حکمت عملیوں اور کیریئر مواقع بڑھانے کے لیے تعاون کو فروغ دینے جیسے اہم موضوعات پر گفتگو کی۔

کے-الیکٹرک کے چیف پیپل آفیسر محمد رضوان ڈالیہ نے پینل ڈسکشن کی میزبانی کی۔ پینل میں شامل شخصیات میں فارمَن علی تنوڑی (ریجنل ڈائریکٹر، ڈیپارٹمنٹ آف ایمپاورمنٹ برائے خصوصی افراد)، امبرین کنول (جی ایم ایچ آر آپریشنز اور سینٹر آف ایکسیلنس، جنگ گروپ آف کمپنیز)، ڈاکٹر صائمہ اختر (ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن، جامعہ کراچی)، سائرہ اے خان (چیف پیپل آفیسر، گرے میکینزی ریسٹورنٹس انٹرنیشنل - کے ایف سی پاکستان) اور رچرڈ گیری (بانی و ایگزیکٹو ڈائریکٹر، فیملی ایجوکیشن سروسز فاؤنڈیشن) شامل تھے۔

تقریب میں ایک متاثر کن خطاب بھی شامل تھا جو ڈاکٹر ثقلین شاہ ڈپٹی ڈائریکٹر، ڈیپارٹمنٹ آف ایمپاورمنٹ برائے پی ڈبلیو ڈیز (PWDs) نے کیا۔ انہوں نے خصوصی افراد کے طور پر کارپوریٹ دنیا میں اپنی جدوجہد اور کامیابیوں سے آگاہ کیا، جو شرکاء کے لیے انتہائی معلوماتی اور حوصلہ افزا ثابت ہوا۔

اس کے علاوہ، ایک انٹرایکٹو سرگرمی بھی منعقد کی گئی جس میں ایک آن گراؤنڈ انٹرپریٹر نے حاضرین کو بنیادی اشاروں کی زبان سکھائی تاکہ کمیونیکیشن میں شمولیت اور شعور کو بڑھایا جا سکے۔

کے۔ الیکٹرک کے بارے میں

کے۔ الیکٹرک (KE)ایک پبلک لسٹڈ کمپنی ہے، جس کا قیام 1913ء میں عمل میں آیا اور قیام پاکستان کے بعد کے ای ایس سی (KESC) کے نام سے اس کی پاکستان میں شمولیت ہوئی۔ 2005 میں کمپنی کی نجکاری کی گئی۔ کے۔ الیکٹرک پاکستان کی واحد عمودی طور پر مربوط پاور یوٹیلیٹی ہے، جو کراچی اور اُس کے ملحقہ علاقوں کو بجلی فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کے 66.4 فیصد اکثریتی حصص (شیئرز) کے ای ایس پاور کی ملکیت ہیں، جو سرمایہ کاروں کا ایک کنسورشیم ہے، جس میں سعودی عرب کی الجومعہ پاور لمیٹڈ، نیشنل انڈسٹریز گروپ (ہولڈنگ) کویت اور انفرا اسٹرکچر اینڈ گروتھ کیپٹل فنڈ (آئی جی سی ایف) شامل ہیں۔ کمپنی میں حکومت پاکستان کے بھی 24.36 فیصد شیئرز ہیں۔بقیہ حصص فری فلوٹ شیئرز کے طور پر درج ہیں۔